آپ کے جاننے والوں کے پاس رقم موجود ہے
آپ کو محدود مدت کے لیے رقم کی ضرورت ہے
___ لیکن آپ کو رقم نہیں ملتی، معذرت کی جاتی ہے

کبھی آپ نے غور کیا کہ ایسا کیوں ہے؟
وجہ یہ ہے کہ ہمارے ہاں قرض واپس کرنے کی روایت (مضبوط) نہیں۔

تاریخ مقررہ گزر جاتی ہے۔ کوئی اطلاع نہیں ملتی
قرض خواہ ضرورت مند بن کر اپنا قرض وصول کرنے میں لگ جاتا ہے۔

چنانچہ اب مشورہ یہ ملتا ہے کہ اتنا ہی قرض دو جتنا واپس نہ ملنا برداشت کر سکو۔
(ایسا کیوں ہے، جب کہ ہم جانتے ہیں کہ رسولؐ اللہ مقروض کی نماز جنازہ نہیں پڑھاتے تھے)

___ قرض لینے سے بچیے
___ لینا ہی پڑ جائے تو وقت پر ادا کیجیے
___ نہ کر سکیں تو مزید مہلت حاصل کیجیے
___ مہلت نہ دی جائے تو کہیں سے فراہم کر کے ادا کیجیے

آپ کے ایسا نہ کرنے سے بہت سے ضرورت مندوں کی وہ مدد بھی نہیں ہوتی جو آسانی سے ممکن ہوتی ہے۔

(خیر خواہ)